Department of Health & Mental Hygiene | **Department of Education**

16 مئی، 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

نیو یارک شہر میں COVID-19 کے کیسز اور ہسپتال میں داخلوں میں حالیہ اضافے کی وجہ سے، **اس وقت شہر COVID-19 کے انتباہ کی سطح اونچی (نارنجی) ہے۔** اس کا مطلب ہے شہر میں COVID-19 کا نمایاں پھیلاؤ ہے۔

ہم پُرزور گزارش کرتے ہیں اپنے اہلِ خانہ اور ہماری برادریوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ذیل کے ثابت شدہ احتیاطی اقدامات کی پابندی کریں:

- **ایک ماسک لگائیں۔** ہم تجویز کرتے ہیں کہ 2 سال اور بڑی عمر کے تمام افراد اندرونی عوامی جگھوں پر ایک اچھی طرح فِٹ ہونے والا ماسک پہنیں، بشمول اسکول اور ابتدائی طفلی تعلیم (ECE) پروگراموں کے، چاہے اس کا تقاضا نہ بھی کیا گیا ہو۔ اپنے بچے کی اسکول میں یا ECE پروگرام میں اور دوستوں کے ساتھ ملنے کے وقت ایک ماسک پہننے کی حوصلہ افزائی کریں۔ آپ کے بچے کے اسکول میں ماسک دستیاب ہیں۔
- ویکسین اور بوسٹر لگوائیں۔ 5 سال کے اور بڑی عمر کے ہر فرد کو COVID-19 کی ویکسین لگوانی چاہیئے بشمول اہل ہونے پر بوسٹر شاٹ لگوانے کے۔ ویکسینز نے بے شمار زندگیاں بچائی ہیں اور وائرس کے خلاف یہ ہمارا بہترین دفاع ہے۔ ویکسین لگوانے کے ایک مقام کو **nyc.gov/vaccinefinder** پر یا 877-VAX-4NYC (877-829-4692) پر کال کر کے تلاش کریں۔ مفت ویکسین لگوائیں، نقل وطنی یا بیمے (انشورنس) کی صورتِ حال سے قطع نظر۔
- **جب بیمار ہوں تو گھر پر رہیں۔** اگر یہ بیمار ہوں یا اِن کا COVID-19 کے ٹیسٹ (کا نتیجہ) مثبت آتا ہے تو ان تمام افراد کو گھر پر رہنا چاہیئے، بشمول ایک اچھی طرح فِٹ ہونے والا چہرے کا ماسک 10 دنوں تک پہننے کے۔
- **ٹیسٹ کروائیں۔** COVID-19 کی علامات ظاہر ہونے والے، حال ہی میں COVID-19 کے حامل فرد سے ملاقات کرنے والے، حال ہی میں سفر کرنے یا ایک بڑی تقریب میں شرکت کرنے والے ہر فرد کو ٹیسٹ کروانا چاہیئے۔ اسکول ہر بچے کو ہر ہفتے گھر پر کرنے والے چار ٹیسٹ دیں گے اور پورے شہر میں ٹیسٹ کروانے کی سہولت دستیاب ہے۔ ایک ٹیسٹنگ سائٹ تلاش کرنے کے لیے ذیل پر جائیں **nyc.gov/covidtest**. کئی مقامات پر ٹیسٹ کروانا مفت ہے۔
- **دیگر احتیاطی اقدامات کریں، جیسے کہ بھیڑ میں جانے سے اجتناب کرنا، اجتماعات میں لوگوں کی تعداد کو کم رکھنا، ہواداری میں اضافہ کرنا، اور ایک اعلی معیار کا ماسک پہننا۔** یہ خاص طور پر ان لوگوں کے لیے اہم جو عمر، درپردہ طبی مسائل کی وجہ سے، ویکسین نہ لگوانے کے باعث اضافی خطرے سے دوچار ہیں۔

اگر آپ کے بچے کا COVID-19 کے ٹیسٹ (کا نتیجہ) مثبت آتا ہے تو 12 سال یا اس سے بڑی عمر کے افراد کے لیے علاج کے انتخابات کے بارے میں پوچھنے کے لیے اپنے طبی خدمات فراہم کنندہ سے رابطہ کریں یا 212-COVID-19 (212-268-4319) پر رابطہ کریں۔ مزید جاننے کے لیے، بشمول کون اہلیت رکھتے ہیں، **nyc.gov/health/covidtreatments** پر جائیں۔ اگر آپ کے بچے کے ٹیسٹ (کا نتیجہ) مثبت آتا ہے، براہِ کرم ان کے اسکول یا ECE پروگرام کو مطلع کریں۔ جن بچوں کے ٹیسٹ (کا نتیجہ) مثبت آتا ہے یا گھر پر ان کو علامات ظاہر ہوتی ہیں یہ بیماری کے دوران گھر پر رہ کر مفت آن لائن تعلیم حاصل کرنے اور دفتری اوقات کی سہولت موصول کر سکتے ہیں۔

اگر ہم سب اپنے حصے کا کام کریں تو ہم COVID-19 کی اس لہر سے نمٹ سکتے ہیں اور موسمِ بہار اور گرما سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ بخلوص،

Ashwin Vasan, MD, PhD
کمشنر
نیو یارک شہر محکمہ برائے صحت اور دماغی صحت

David C. Banks
چانسلر
نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم